پریس ریلیز

پنجاب کونسل آف دی آرٹس گوجرانوالہ ڈویژن بورڈ کا دوسرا اجلاس گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر ضیاء الحق (شیخ فیصل ایوب) کی زیر صدارت پنجاب کونسل آف دی آرٹس گوجرانوالہ میں منعقد ہوا۔ ڈائریکٹر پنجاب کونسل آف دی آرٹس گوجرانوالہ ڈویژن غلام عباس نے بورڈ کے ممبران کو خوش آمدید کہا۔ اس موقع پر نامور شاعر جان کاشمیری، بین الاقوامی خطاط اشرف ہیرا، نامور ادیب و شاعرہ عرفانہ امر، سینئر آرٹسٹ اکرم اداس، ٹی وی اداکارہ و ڈائریکٹر جاوید نیازی، نامور گائیک استاد فیض اللہ جان اور رکن چیمبر آف کامرس ناصر اسماعیل نے شرکت کی۔

اس موقع پر صدر گوجرانوالہ چیمبر و صدر بورڈ آف مینجمنٹ پنجاب کونسل آف دی آرٹس ضیاء الحق (شیخ فیصل ایوب) نے کہا کہ آرٹس فن، ثقافت، ادب اور فنون لطیفہ کے فروغ کیلئے کام کرنے کی ضرورت ہے ہمیں پوری ٹیم کو اس طرف زیادہ توجہ دینا ہوگی۔ جہاں تک آرٹ، ثقافت، ادب اور فنون لطیفہ کے فروغ اور ان سے متعلق پالیسیوں کا تعلق ہے بورڈ کی مشاورت سے ایسی پالیسیاں مرتب کی جائیں گی جن کے دورس نتائج برآمد ہونگے۔ ڈائریکٹر آرٹس کونسل نے ادارے کے اغراض و مقاصد، موجودہ اقدامات اور مستقبل میں کیے جانے والے کاموں کے حوالے سے جو تفصیلی بریفنگ دی ہے اس کی روشنی میں ہم نئے ٹیلنٹ اور ابھرتے ہوئے فنکاروں، مصنفین، ثقافتی ماہرین اور تخلیق کاروں کی بھرپور حوصلہ افزائی کریں گے تاکہ ادارے کا مرال بلند اور حقیقی مقصد کو حاصل کیا جائے۔